

# SARGODHIAN

Newsletter: July to September 2023

Patron-in-Chief: Air Vice Marshal Asif Maqsood, HI (M), (Retd)
Patron: Wg Cdr Shahzad Ahmad Khan
O i/c & Editor (Urdu): Sqn Ldr Javed Altaf
Editor (English): Flg Off Hadisa Batool
Reporters: Ahmad Fraz (3860-I), Basir (4055-R), Muaz Hafeez (4169-M), Shayyan (4121-M
Designed by: Mansoor Shahid

## FAREWELL TO GP CAPT SHAHID HAFEEZ, SQN LDR ASIF NIAZ, SQN LDR MOHSIN & SQN LDR M IQBAL

On 6 August, 2023 the college arranged a farewell dinner for four veteran Officers; Gp Capt Shahid Hafeez, Sqn Ldr Asif Niaz, Sqn Ldr Mohsin Usman and Sqn Ldr Muhammad Iqbal.

Gp Capt Shahid Hafeez joined the College on 15 March, 1992. Along with teaching, he has served the institution in various capacities. He has been appointed Housemaster Munir and Rafiqui House, Director Physical Education, O i/c Hobbies club, Head of Computer Department and Head of Sciences. On 6 April, 2021, he took over the responsibility of Vice Principal, and retired from his office in July 2023.



AVM Asif Maqsood (R) giving away Pakistan Air Force Crest to Gp Capt M Shahid Hafeez

Sqn Ldr Asif Niaz has served the college for thirty long years. He joined as a Mathematics instructor. He also played a vital role as Housemaster Yunus and Rafiqui House. He was O i/c Examinations Section and Head of Mathematics department as well. Over a span of thirty years in the College, he rendered many services as a vital faculty member.

Sqn Ldr Mahar Muhammad Iqbal joined PAF College Sargodha as an Urdu instructor, since then, he has taken charge of different responsibilities which he performed up to the mark. He was firstly appointed Assistant Housemaster of Yunus House and then he was given the charge of sports section. As O i/c sports







**AVM Asif Maqsood (R) giving away College Crest to Sqn Ldr Asif Niaz, Sqn Ldr Muhamamd Iqbal & Sqn Ldr Mohsin Usman**

section he prepared Pre-Cadets for Founders' Day 2023. He has trained the Pre-Cadets in Martial Arts for seventeen years.

Sqn Ldr Mohsin joined PAF College Sargodha as Mess Manager. He was also Officer In charge of College MT Flight and O i/c Training. He served the institution with full zeal and his dedication was admirable.

The Principal, AVM Asif Maqsood, HI (M), (Retd) appreciated the retiring officers for their vast and dedicated services to the institution. They were awarded College Crest by the Principal.

## WG CDR SHAHZAD AHMAD KHAN ASSUMES CHARGE AS VICE PRINCIPAL

Wg Cdr Shahzad Ahmed Khan takes over as Vice Principal on 25 July, 2023. He is a veteran member of the faculty who joined the institution on 15 July, 1993. Besides teaching, he has worked in multiple capacities including Housemaster Falcon House, Officer in charge Progress Section, Officer in charge Admission Section and Typing Pool. He was appointed as Head of Pak Studies Department in 2003. He was further elevated to the post of Head of Humanities in 2020. He has been the member of College interview board for Pre-Cadets' selection for almost eleven years. He was sent abroad by Pakistan Air Force to attend Master's Degree in Educational Studies from the University of Glamorgan, United Kingdom. For his all-round meritorious services to the Pakistan Air Force, he was awarded Chief of the Air Staff Commendation Certificates in 2011 and 2019 respectively. The College conveys him heartiest felicitations on his very well-deserved appointment and wishes him the best for future.



## FACULTY DEVELOPMENT PROGRAMME - 2023

During the summer break, the College held Faculty Development Programme. This programme aims to enhance the knowledge and skills of the faculty. From 31 July to 4 August 2023, the faculty members presented lectures on topics, which were beneficial for the faculty in order to cope up with the day to day challenges pertaining to Pre-Cadets' training at the College. Fruitful discussions were generated regarding the possible solutions of the challenges, and several suggestions were put forward to enhance the capacity of faculty members and training of Pre-Cadets.



Sqn Ldr Shumaila Nawaz giving her presentation



Vice Principal with faculty attending the Faculty Development Programme

## DEFENSE DAY CELEBRATIONS

**"Breathes there the man, with soul so dead Who never to himself hath said, This is my own, my native land!"**

On the night of 6 September 1965, Indian forces invaded our beloved motherland in hopes of capturing our territory. Defense day is celebrated each year, nationwide, on 6 September, to commemorate the sacrifices and selfless devotion of our heroes to the nation. On 7 September, 2023, a function was held at the Rehman auditorium in honour of Defense Day and Pakistan Air Force Day. The Vice Principal Wg Cdr Shahzad Ahmad Khan was the Chief Guest on the occasion.

The programme began with the recitation of the Holy Quran by Pre-Cadet Mubashir (3944 -A).

Pre-Cadet Raza (3936-R) came up next to enlighten the audience of the heroic sacrifices made by the Pakistanis, through his brilliant speech. The College Head Boy M Haris (3905-M) then called upon the members of the Music Club to boost the morale of the Sargodhians by singing some patriotic songs. Afterwards, Pre-Cadet Huzaifa Khalid (3877-M) gave a heart warming speech about the sacrifices of 1965 martyrs. Lastly, an informative and quite entertaining presentation was given by Sqn Ldr Ahmed Shahzad, HoD Pakistan Studies, explaining the background and after effects of the Indo-Pak wars. The function finally came to an end by the motivational words of the Vice Principal Wg Cdr Shahzad Ahmad Khan.

May Allah grant us the courage and confidence to stand for our country in its time of need!

***Pakistan Zindabad!***
***Pakistan Air Force Paindabad!***



**Huzaifa Khalid (3877-M) delivering a speech**



**Pre-Cadets of College Music Club singing National Song**



**Vice Principal Applauds the Pre-Cadets**

## FAREWELL TO THE OUTGOING OFFICERS

The College bade farewell to its three outgoing officers Sqn Ldr Muhammad Iqbal, Sqn Ldr Babar Naveed and Sqn Ldr Khurram Sultan on 3 July, 21 July and 21 September, 2023 respectively. Sqn Ldr Babar served as College Admin Officer. He handled multifarious responsibilities and played an instrumental role in the organization of all College events.

Sqn Ldr Muhammad Iqbal joined the College on 12 September, 2022. He served the College first as Security Officer and later as College Admin Officer. He played a vital role in the initial stages of developmental tasks after the approval of Air Headquarters, being under taken at the College. Sqn Ldr Khurram Sultan served the College as Bursar for three years. Simultaneously, he was acting College Admin Officer for last two months at the College. He performed his duty with dedication and responsibility.

The Principal, AVM Asif Maqsood, HI (M), (Retd) graced the occasion as the Chief Guest and appreciated the outgoing officers for their dedicated services to the institution. They were awarded College Crest by the Principal.





**Principal Air Vice Marshal Asif Maqsood (Retd) presenting College Crest to Sqn Ldr Muhammad Iqbal & Sqn Ldr Babar Naveed**

## 53RD ENTRY EDUCATIONAL VISIT TO THE PAKISTAN AERONAUTICAL COMPLEX (PAC) KAMRA

Education along with recreational activities can nurture one's personality effectively. PAF College Sargodha arranges informative and entertaining trips for its Pre-Cadets. The college administration scheduled an educational visit for the 53rd entry on 20 September 2023 to the Pakistan Aeronautical Complex, Kamra. Under the supervision of Sqn Ldr Ahmad Shahzad, Pre-Cadets departed for Kamra at 0600 hours from Sargodha and reached at 1200 hours where Sargodhians were greeted by Sqn Ldr Arsalan. Before the commencement of the excursion, the Pre-Cadets were given a brief introduction about the background of PAC Kamra after which the tour started. Firstly, Sargodhians explored the overhauling hangars where they witnessed the complex overhauling procedure of aero planes. Next, they were taken to Mirage Rebuilding Factory where they were enlightened with the details about the assembling and rebuilding process of aircrafts, particularly the Mirage 3 and Mirage 5. The most significant aspect of the trip was the visit to the aircraft manufacturing factory, where jets like JF-17 Thunder and Super Mushak are assembled. Sargodhians were especially inquisitive about the double-seated aircrafts and showcased their deep interest in them by asking numerous questions to enhance their knowledge. Lastly, they arrived at Avionics Production Factory where the functioning radar and other components related to aircrafts were revealed to them. Sargodhians were served with a scrumptious lunch. The convoy began its journey back and reached PAF College Sargodha safe and sound, fully recharged and passionate to join Pakistan Air Force.



**53rd Entry at PAC Kamra**



**Pre-Cadets being briefed about JF-17 overhaul process**

## NEWS IN BRIEF

**Wg Cdr Javed Aziz took charge of Admission Section on 28 August, 2023. Congratulations!**

**Wg Cdr Shahid Saleem joined the College on 25 September, 2023 as College Admin Officer. Welcome!**

**Sqn Ldr Idrees Patni took over the responsibilities of Head of Humanities on 28 August, 2023. Congratulations!**

**Sqn Ldr Ahmad Shahzad assumes charge of Sports Section on 28 August, 2023. Congratulations!**

**Sqn Ldr Khurram Shahzad was appointed Head of Chemistry Department on 05 October, 2023. Congratulations!**

**Sqn Ldr Asim Mehmood was appointed Head of Islamiat Department. Congratulations!**

**Sqn Ldr Shumaila was appointed O i/c Library and Text Book Section on 28 August, 2023. Congratulations!**

**Flt Lt Fatima was appointed O i/c Examination on 28 August, 2023. Congratulations!**

**Flt Lt Khurram Shehzad joined the College as O i/c Works on 24 July, 2023. Welcome!**

**Flt Lt M Usman Anwar joined the College as Bursar on 11 September, 2023. Welcome!**

**Flg Off Uzair was appointed AHM Iqbal House on 28 August, 2023. Congratulations!**

# انٹر ہاؤس سینئیر ہاکی ٹورنامنٹ

ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے اور مشکل ہونے کے ساتھ ساتھ خطرناک بھی ہے۔ اسے کھیلنے کے لیے جسمانی قوت، چستی، حاضر دماغی اور توازن درکار ہوتا ہے۔ پی اے ایف کالج سرگودھا اپنے پری کیڈٹس کو ذہنی وجسمانی طور پر مضبوط بنانے کے لیے کھیلوں کے ایسے مقابلے منعقد کراتا رہتا ہے جو ان کو مستقبل کی ذمہ داریاں نبھانے کے قابل بنا سکیں۔ انٹر ہاؤس سینئیر ہاکی ٹورنامنٹ ۱۹ تا ۲۷ ستمبر ۲۰۲۳ء کو منعقد کیا گیا۔ فائنل میچ اقبال اور یونس ہاؤس کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ جس میں اقبال ہاؤس نے یہ مقابلہ ۱۔۲ سے جیت لیا۔ دس گول کے ساتھ جواد حسین (۳۹۳۱۔اقبال ہاؤس) نے ٹورنامنٹ کے بہترین سکورر بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ فائنل میچ کے مہمانِ خصوصی پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا ائر وائس مارشل آصف مقصود (ر) تھے جنھوں نے ٹورنامنٹ میں شریک تمام ٹیموں کی حوصلہ افزائی کی اور اقبال ہاؤس کی ٹیم کو ٹرافی دی۔



جواد حسین (۳۹۳۱۔اقبال ہاؤس) مہمانِ خصوصی سے ٹورنامنٹ کے بہترین کھلاڑی کا انعام وصول کرتے ہوئے



اقبال ہاؤس کی ٹیم کے کپتان اور نائب کپتان مہمانِ خصوصی سے ٹرافی وصول کرتے ہوئے

# محفل میلاد مصطفی ﷺ

۲۹ ستمبر ۲۰۲۳ء کو محبوبِ خدا حضرت محمد ﷺ کے جشنِ ولادت کی خوشی میں پی اے ایف کالج سرگودھا کی جامع مسجد میں سیرت النبی ﷺ کی ایک بابرکت محفل کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مناسبت سے مسجد کو خوب صورت روشنیوں سے آراستہ کیا گیا تھا۔ وائس پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا ونگ کمانڈر شہزاد احمد خان اس تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے جب کہ چیف وارنٹ آفیسر ضیا اللہ شفیق خصوصی خطاب کے لیے پی اے بیس مصحف سے تشریف لائے۔ بعد از نمازِ مغرب اس تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا۔ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کے بعد مہمان مقرر چیف وارنٹ آفیسر ضیا اللہ شفیق نے نہایت موثر انداز میں سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور پری کیڈٹس کو حیاتِ طیبہ کی روشنی میں اپنے کردار وعمل کی اصلاح کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کتبِ سیرت کے اور تفسیرِ قرآن کے مطالعے پر خصوصی زور دیتے ہوئے کہا کہ حیاتِ دنیوی واخروی میں کام یابی کے لیے ان کا مطالعہ از حد ضروری ہے۔ مہمانِ خصوصی ونگ کمانڈر شہزاد احمد خان وائس پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا نے اپنے خطاب میں مہمان مقرر کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور فی زمانہ اسوۂ حسنہ کی تقلید کو کام یابی کی کلید قرار دیا۔ ہیڈ آف ہیومینٹیز اسکواڈرن لیڈر محمد ادریس نے نہایت فصیح الفاظ میں دعا کرائی۔ تقریب کے اختتام پر حاضرینِ مجلس میں شیرینی تقسیم کی گئی۔



چیف وارنٹ آفیسر ضیاء اللہ شفیق حاضرینِ مجلس سے خطاب کر رہے ہیں



وائس پرنسپل ونگ کمانڈر شہزاد احمد خان حاضرینِ مجلس سے خطاب کر رہے ہیں

تربیت کا ایک لازمی حصہ ہیں۔فٹ بال ایک بین الاقوامی کھیل ہے جو نوجوانوں میں خاصا مقبول ہے۔اس سال انٹر ہاؤس سینیئر فٹ بال ٹورنامنٹ ۴ تا ۱۲ ستمبر ۲۰۲۳ء منعقد کیا گیا۔ ہر ہاؤس نے اس مقابلے میں شرکت کے لیے کافی عرصے سے خوب تیاری کر رکھی تھی ۔ جوش وخروش سے بھر پور مقابلوں کے بعد عالم اور منیر ہاؤس فائنل میں ایک دوسرے کے مدِ مقابل تھے۔ منیر ہاؤس کی ٹیم کڑے مقابلے کے بعد یہ میچ صفر کے مقابلے میں ایک گول سے جیتنے میں کامیاب رہی۔ محمد سرمد (۳۸۶۴۔منیر ہاؤس) کو مجموعی طور پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔مہمانِ خصوصی، پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا ائیر وائس مارشل (ر) آصف مقصود نے منیر ہاؤس کی ٹیم کو ٹرافی عطا کی اور ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کی کارکردگی کو خوب سراہا۔

## ہائیکنگ ۵۲ ویں انٹری

دشوار گزار پہاڑی راستوں پر چل کر منزل کو جا لینا جان جوکھوں کا کام ہوتا ہے۔ باہمت انسان اس سفر میں نہ صرف پہاڑوں کے اسرار و رموز اور خدوخال کو سمجھتا ہے بلکہ بسا اوقات ان بلند و بالا پہاڑوں سے باتیں بھی کرتا ہے۔سخت جاں فشانی کے بعد کہیں جا کر پہاڑ ایسے باہمت لوگوں کے سامنے سرنگوں ہوتے ہیں۔ پی اے ایف کالج سرگودھا کی انتظامیہ اپنے پری کیڈٹس کو ایسا ہی باہمت انسان بنانے کے لیے ہر سال سینیئر انٹری کو ہائیکنگ کے لیے لوئر ٹوپہ بھجواتی ہے۔

اس سال ہائیکنگ کا آغاز ۱۵ ستمبر ۲۰۲۳ء سے ہوا۔اسکواڈرن لیڈر جاوید الطاف کی سرکردگی میں اسکواڈرن لیڈر اللہ ڈینو اور فلائنگ آفیسر عبدالرحمٰن غزنی سرگودھا سے ۱۵ ستمبر کو ۵۲ ویں انٹری کے ساتھ لوئر ٹوپہ کے لیے روانہ ہوئے۔دوپہر کے کھانے کے لیے لیک ویو پارک اسلام آباد میں قیام طعام اور نماز کے بعد لوئر ٹوپہ کا سفر پھر سے شروع کیا اور شام سات بجے کے قریب خیریت سے لوئر ٹوپہ پہنچ گئے۔ رات کے کھانے کے بعد مال روڈ کی سیر کا پروگرام تھا۔سہانے موسم نے مال روڈ مری کو اور سہانا بنا دیا۔



کیمرے کی آنکھ سے محفوظ کیا گیا مشک پوری کا ایک خوبصورت منظر



ہائیکنگ کے آغاز پر ۵۲ ویں انٹری کا گروپ فوٹو

۱۶ ستمبر کو ناشتے کے فوراً بعد ضروری ہدایات دے کر ہائیکنگ کے آغاز کے لیے بذریعہ ٹرک ایوبیہ پہنچے۔ایوبیہ نیشنل پارک کا ۴ کلومیٹر کا خوب صورت ٹریک ایک گھنٹے میں مکمل کرنے کے بعد ڈونگا گلی میں مختصر قیام کے بعد اپنی اگلی منزل یعنی مُشک پوری کی چوٹی سر کرنے کے لیے عازمِ سفر ہوئے۔اس مشکل لیکن انتہائی خوب صورت سفر میں ۵۲ ویں انٹری کے طلباء خوب لطف اندوز ہوئے۔بل کھاتی پگڈنڈیاں اور اونچے نیچے پتھریلے راستوں سے گزرنا طلباء کے لیے ایک انتہائی انوکھا تجربہ تھا۔خوش گوار ہوا اور بادلوں نے اس سفر کو نہایت دل کش بنا دیا تھا۔اس سحر انگیز ماحول میں دوپہر کا کھانا تناول کرنے کے بعد ایک گھنٹے کے تھکا دینے والے سفر کا اختتام مشک پوری کی چوٹی پر ہوا جہاں فطرت کا حسن اپنے جوبن پر تھا۔وہاں کچھ وقت گزارنے اور تصاویر کشی کے بعد واپسی کا سفر شروع کیا گیا۔ڈونگا گلی سے لوئر ٹوپہ واپسی کا سفر شام کو مکمل ہوا۔اگلی صبح یعنی ۱۷ ستمبر ۲۰۲۳ء کو ناشتے کے بعد واپسی کی راہ لی اور شام ساڑھے سات بجے پی اے ایف کالج سرگودھا واپس پہنچ گئے۔ ہائیکنگ کا یہ مختصر سا تجربہ طلباء کے ذہنوں پر ایک مدّت تک نقش رہے گا۔

ائرمین اور سویلین کلاس ۳ کیٹیگری میں پہلی پوزیشن کک جعفر، دوسری پوزیشن لیب اسسٹنٹ محمد سرفراز، تیسری پوزیشن لیب اٹینڈنٹ معظم کی رہی جب کہ ڈرائیور فلک شیر کو حوصلہ افزائی کا خصوصی انعام دیا گیا۔ کلاس ۴ سویلین کیٹیگری میں میس ویٹر عامر سلطان نے پہلی، لیڈی سرچر مارگریٹ نے دوسری، میس ویٹر ممتاز نے تیسری پوزیشن حاصل کی جب کہ لاسکر بابر کو حوصلہ افزائی کے خصوصی انعام کا مستحق قرار دیا گیا۔

۲۴۔ اگست کو جشنِ آزادی کے حوالے سے پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا ائر وائس مارشل آصف مقصود (ر) نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا۔ شام کو رحمان آڈیٹوریم میں جشنِ آزادی کے حوالے سے خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ قومی ترانے اور تلاوتِ قرآنِ مجید کے ساتھ اس خوب صورت تقریب کا آغاز ہوا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی، پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا ائر وائس مارشل آصف مقصود (ر) تھے جبکہ نظامت کے فرائض ہیڈ بوائے محمد حارث (۳۹۰۵۔ منیر ہاؤس) نے سرانجام دیے۔ دورانِ تقریب گھروں کی سجاوٹ پر مشتمل ویڈیوز بھی دکھائی گئیں۔ پری کیڈٹ رضا الحق (۳۹۳۶۔ رفیقی ہاؤس) نے یومِ آزادی کے حوالے سے انگریزی میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد کالج میوزک کلب کے اراکین محمد محب (۳۹۵۶۔ رفیقی ہاؤس)، فصیح اللہ (۳۹۳۶۔ عالم ہاؤس)، تہام عبداللہ (۳۹۹۴۔ منیر ہاؤس)، محمد حسیب (۴۲۰۰۔ رفیقی ہاؤس) اور حیدر علی (۳۸۸۷۔ منیر ہاؤس) نے ملی نغمے پیش کیے۔ حمزہ ظہور (۳۸۹۲۔ علاؤالدین ہاؤس) نے بزبانِ اردو آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ آخر میں مہمانِ خصوصی نے گھروں کی سجاوٹ میں جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کیے اور اپنے خطاب میں جشنِ آزادی کے سلسلے میں کالج انتظامیہ اور تمام افراد کی کاوشوں کو سراہا۔


یومِ آزادی کے موقع پر بچے سجاوٹی گاڑی کے ساتھ


اسکواڈرن لیڈر عاصم محمود، کک جعفر اور میس ویٹر عامر مہمانِ خصوصی ائر وائس مارشل آصف مقصود (ر) سے گھروں کی سجاوٹ کا انعام وصول کرتے ہوئے

## انٹر ہاؤس سینئر فٹ بال ٹورنامنٹ

پی اے ایف کالج سرگودھا اپنے سینئر اور جونیئر پری کیڈٹس کو تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر ہم نصابی اور خاص طور پر جسمانی سرگرمیوں میں شمولیت کے یکساں مواقع فراہم کرتا ہے تاکہ وہ ذہنی و جسمانی مضبوطی حاصل کر کے مستقبل کی ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے کے قابل ہو سکیں۔ اس مقصد کے لیے کالج میں مختلف کھیلوں کے مقابلے


منیر ہاؤس کی ٹیم مہمانِ خصوصی سے ٹرافی وصول کرتے ہوئے


محمد سرمد (۳۸۶۴۔ منیر ہاؤس) مہمانِ خصوصی سے ٹورنامنٹ کے بہترین کھلاڑی کا انعام وصول کرتے ہوئے



# سرگودھین

## جشنِ آزادی

آزادی اللہ تبارک وتعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے اور نعمت کے حصول پر خوشی اور تشکر کا اظہار کرنا ضروری ہوتا ہے۔ زندہ اقوام اپنے یومِ آزادی کو کبھی فراموش نہیں کرتیں اور اس دن کو شایانِ شان طریقے سے مناتی ہیں۔ یہ جشن اس عہد کی تجدید ہوتا ہے کہ ہم مادرِ وطن کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔

حسبِ سابق امسال بھی پی اے ایف کالج سرگودھا میں یومِ آزادی کی بھرپور تیاریاں کی گئیں۔ تمام عمارات پر سبز ہلالی پرچم لہرائے گئے اور ان کی چمک دمک میں اضافے کی خاطر ان کو برقی قمقموں سے منور کیا گیا۔ گھروں کی سجاوٹ میں ایک دوسرے پر بازی لے جانے کے لیے لوگ بہت زیادہ پُرجوش نظر آئے۔

۱۴۔ اگست کی صبح کو کالج اسمبلی ایریا میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ سائرن کے بعد قومی ترانے کا آغاز ہوا اور سبز ہلالی پرچم فضا میں لہرایا گیا۔ تقریب میں موجود تمام افراد نے مِل کر قومی ترانہ پڑھنے میں حصہ لیا۔ اس موقع پر پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا یومِ آزادی کے حوالے سے خصوصی پیغام پڑھ کر سُنایا گیا۔

گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی کالج کے رہائشیوں نے نہایت جوش و ولولے سے گھروں کی سجاوٹ کے مقابلے میں حصہ لیا۔ قومی پرچموں، بینروں، ساؤنڈ سسٹم اور لائٹوں سے مزین ایک گاڑی نے تین آفیسرز کے ہمراہ سارے کالج کا چکر لگایا اور بچوں کو یومِ آزادی کے موضوع پر اظہارِ بیان کا موقع فراہم کیا۔ منصفین کی ایک ٹیم نے تمام گھروں کا دورہ کیا اور انفرادی طور پر سب کی کاوشوں کو سراہا۔ تمام گھروں کی سجاوٹ کا معائنہ کرنے کے بعد نتائج مرتب کیے۔ اس مقابلے کے لیے تین کیٹیگرز تھیں، پہلی کیٹیگری میں آفیسرز دوسری میں ائیرمین اور سویلین کلاس ۳ جب کہ آخری کیٹیگری میں سویلین کلاس ۴ شامل تھے۔ آفیسرز کیٹیگری میں پہلی پوزیشن اسکواڈرن لیڈر عاصم محمود، دوسری پوزیشن اسکواڈرن لیڈر یاسر لطیف جب کہ تیسری پوزیشن کے حق دار اسکواڈرن لیڈر محمد مبین قرار پائے۔ اسکواڈرن لیڈر کاشف حسین کو حوصلہ افزائی کے خصوصی انعام کا مستحق قرار دیا گیا۔ ونگ کمانڈر جاوید عزیز منصف ہونے کی وجہ سے مقابلے میں شریک نہ تھے تاہم پرنسپل صاحب نے ان کے لیے خصوصی انعام کا فیصلہ کیا۔



پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا ائیر وائس مارشل آصف مقصود (ر) پودا لگا کر شجر کاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں